


# نیو یارک تیار ہے

# میرا ہنگامی منصوبہ







**اب شامل ہے**
نیو یارک سٹی ہری کین راہ نما اور
انخلاء کے حلقوں کا نقشہ

Mayor's Office for People with Disabilities | Department for the Aging | Emergency Management NYC

## میری معلومات

برائے مہربانی جلی حروف میں لکھیں۔ اگر پی ڈی ایف فائل دیکھ رہے ہیں، تو ہائی لائٹ کی گئی جگہوں پر کلک کرکےمعلومات درج کریں۔

نام:

پتہ:

دن کا فون نمبر:

شام کا فون نمبر:

سیل فون نمبر:

ای میل:

کسی بھی ہنگامی صورت حال کے لئے تیار رہنے کے لئے تین بنیادی اقدامات ہیں:

## ایک منصوبہ بنائیں

## اشیائے ضروری اکٹھا کریں

## باخبر رہیں

سوچئے کہ ہنگامی صورت حال آپ کو کس طرح متاثر کرسکتی ہے۔ ہنگامی صورت حال میں گھر میں گر جانا یا گھر میں آگ لگنا یا ہری کین (ہوائی طوفان) کا آنا شامل ہوسکتے ہیں۔ آپ اس گائیڈ کا استعمال کرکے ان چیزوں کی ایک فہرست بنائیں جن کی آپ کو ایک ہنگامی صورت حال میں ضرورت پڑسکتی ہے۔

برائے مہربانی ان حصّوں کو پر کریں جن کا اطلاق آپکی اور آپکی ضرورتوں پر ہوتا ہے۔ آپ اس منصوبے کو Android اور iOS کے آلات کے لئے بنائے گئے ریڈی این وائی سی ایپ پر بھی مکمل کرسکتے ہیں یا لوڈ کرسکتے ہیں۔

بشمول 'نیو یارک تیار ہے، آپ کے منصوبے میں کیا کیا ہے' ویڈیو سلسلہ، اضافی ہنگامی تیاریوں کے سامان کی رسائی کے لئے NYC.gov/readyny ملاحظہ کریں۔ آپ کا کیا منصوبہ ہے؟ ویڈیو سیریز۔

# ایک ہنگامی امدادی نیٹ ورک بنائیں۔

کسی ہنگامی صورت حال سے اکیلے نہیں گزرنا چاہئیے۔ کم از کم دو لوگوں سے اپنے ہنگامی امدادی نیٹ ورک میں رہنے کو کہیں – یہ خاندان کے افراد، دوست، پڑوسی، نگراں، ساتھی کارکنان، یا برادری گروپ کے ممبران ہوسکتے ہیں۔ یاد رکھیں، آپ ہنگامی حالات میں ایک دوسرے کی مدد کرسکتے ہیں اور راحت پہنچا سکتے ہیں۔

آپ کے ہنگامی امدادی نیٹ ورک کو چاہیے کہ:

- کسی ہنگامی حالت میں رابطہ بنائے رکھے۔
- معلوم ہو کہ آپ کا ہنگامی ساز و سامان کہاں ملے۔
- معلوم ہو کہ ہنگامی حالت میں آپ کے طبی آلے کو کیسے چلایا جائے یا آپ کو محفوظ جگہ منتقل کرنے میں کس طرح مدد کی جائے۔

**ہنگامی امدادی نیٹ ورک کے رابطے:**

| | |
|---|---|
| نام/رشتہ: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ای میل: | |
| نام/رشتہ: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ای میل: | |

اپنے علاقے سے باہر کے دوست یا رشتہ دار کو منتخب کریں جس کو اہل خانہ یا دوست آفت کے دوران کال کرسکتے ہوں۔ اگر مقامی فون لائنیں مصروف ہوں تو دور کی کالیں کرنا آسان ہوسکتا ہے۔ اپنے علاقے سے باہر کا یہ رابطہ آپ کے نیٹ ورک میں شامل افراد کے ساتھ مواصلت کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔

**اپنے علاقے سے باہر کا رابطہ:**

| | |
|---|---|
| نام/رشتہ: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ای میل: | |

## صحت اور طبی معلومات

ایک منصوبہ تیار کریں جو آپ کی ضرورتوں کے مطابق ہو۔ اپنے ڈاکٹر(وں)، فارمیسسٹ، اور دیگر صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندگان سے اپنی مخصوص ضرورتوں کے بارے میں بات کریں اور آگاہ کریں کہ کسی ہنگامی حالت میں ان کو کیسے پورا کرنا چاہئیے۔

اپنے ہنگامی رابطوں اور طبی معلومات کی ایک فوٹو کاپی بنائیں۔ اس کو ہمیشہ اپنے بٹوے یا پرس میں رکھیں۔

**صحت اور زندگی بچانے والی اہم معلومات:**

| | |
|---|---|
| الرجیاں: | |
| دیگر طبی کیفیات: | |
| | |
| ضروری دوائیں اور یومیہ خوراکیں: | |
| | |
| | |
| چشمے کا نسخہ: | |
| خون کی قسم: | |
| مواصلتی آلات: | |
| سامان: | |
| ہیلتھ انشورنس پلان | |
| ترجیحی ہسپتال: | |
| انفرادی #/گروپ #: | |
| ڈاکٹر/ماہر خصوصی: | |
| فون: | |
| ڈاکٹر/ماہر خصوصی: | |
| فون: | |
| فارمیسی: | |
| پتہ: | |
| شہر: | |
| فون/ فیکس: | |

**مواصلات کریں۔**

اپنے منصوبے میں مواصلت کو شامل کریں

کسی ہنگامی حالت میں آپ دوستوں یا ہنگامی کارکنان سے کیسے بات کریں گے اس کا منصوبہ بنانے کے لیے ابھی وقت نکالیں۔ ہنگامی حالت کے دوران، مواصلت کا آپ کا معمول کا طریقہ ماحول میں ہونے والی تبدیلیوں، شور، یا اشتباہ کی وجہ سے متاثر ہوسکتا ہے۔ آپ کے ہنگامی منصوبے میں دوسروں کے ساتھ مواصلت کرنے کے مختلف طریقے شامل ہونے چاہئیے۔

- اگر آپ بہرے ہیں یا اونچا سنتے ہیں تو اشاروں، نوٹ کارڈ، ٹیکسٹ مسیج، یا دیگر متبادل ذرائع کی معرفت اپنی ضروریات کو بتانے کی مشق کریں۔
- اگر آپ نابینا ہیں یا کم بینائی کے حامل ہیں تو اپنی رہنمائی کرنے کے بہترین طریقے کی بابت دوسروں کو بتانے کے لیے تیار رہیں۔

**دوسروں کے ساتھ مواصلت کریں**

مختصر جملے لکھیں جو آپ کو ہنگامی حالت میں کام آسکتے ہیں۔ پہلے سے لکھے ہوئے کارڈ یا ٹیکسٹ مسیج سے کسی تناؤ بھرے یا ناگوار صورتحال میں اپنے امدادی نیٹ ورک یا ہنگامی کارکنان کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنے میں آپ کو مدد مل سکتی ہے۔ آپ کے پاس اپنا پیغام پہنچانے کے لئے کافی وقت شاید نہ ہو۔ جملوں میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتے ہیں:

- آپ مجھ سے جو بات کہہ رہے ہیں مجھے اسے سمجھنے میں شاید مشکل ہورہی ہے۔ براہ کرم دھیرے دھیرے بولیں اور آسان زبان یا تصاویر کا استعمال کریں۔
- میں رابطہ کرنے کے لیے ایک آلہ استعمال کرتا ہوں۔
- میں بہرا ہوں اور امریکی اشاراتی زبان استعمال کرتا ہوں۔
- براہ کرم ہدایات تحریر کریں۔
- میں [زبان نیچے درج کریں] بولتا ہوں۔

آپ جو جملے پیشگی لکھیں گے ان کا اطلاق گھر میں اور گھر کے باہر ہنگامی حالات میں ہونا چاہیے۔ یقینی طور پر انہیں ہمہ وقت اپنے ساتھ رکھیں۔ اگر آپ کو کوئی مشکل درپیش ہے تو اہل خانہ، دوستوں، یا نگرانوں سے مدد طلب کریں۔

**ذیل میں آپ کو اپنے فقرے تحریر کرنے کے لیے جگہ دی گئی ہے:**

| |
|---|
| |
| |
| |
| |

**بلند و بالا عمارتوں اور تہہ خانوں میں رہنے والے رہائشیوں کے لیے ملاحظات**

اگر آپ اونچی عمارت کے یا تہہ خانے کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں، تو آپ کو شدید موسم، جیسے سیلاب اور ہری کین سے خاص خطرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

- اگر آپ ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں، تو کھڑکیوں کے ٹوٹنے یا لرزنے کے صورت میں ان سے دور رہیں۔
- بیسمینٹ میں سیلاب کا زیادہ خدشہ ہوتا ہے۔ اگر آپ بیسمینٹ اپارٹمینٹ میں رہتے ہیں تو زمین کی بالائی سطح پر پناہ لینے کے لیے تیار رہیں۔ شدید بارش کے دوران اونچی منزل پر جائیں۔ بجلی کے جانے کے لئے تیار رہیں۔
- قیمتی سامان بیسمنٹ سے اوپر والی منزلوں میں منتقل کر دیں۔
- صحیح انشورنس حاصل کریں۔ چاہے آپ کا اپنا گھر ہو یا آپ کا گھر کرایے پر ہو، بنیادی پالیسی میں سیلاب اور ہوا سے ہونے والے نقصان کی ضمانت شامل نہیں ہے۔ یہ سمجھنے کے لیے اپنی انشورنس پالیسیوں کا جائزہ لیں کہ وہ کن خطرات کا احاطہ کرتی ہے۔

## ملاقات کی جگہ

معلوم ہو کہ کسی ہنگامی حالت کے بعد آپ اہل خانہ، دوستوں یا نگرانوں سے کس جگہ پر ملیں گے۔ ملنے کے لیے دو جگہیں منتخب کریں: ایک اپنے گھر کے عین باہر اور دوسری اپنے مضافات سے باہر، جیسے لائبریری، کمیونٹی سینٹر، یا عبادت گاہ۔

جب بھی آپ کسی نئی جگہ پر ہوں نکاسی کے راستوں کو جاننے کی عادت ڈالیں (جیسے، شاپنگ مال، ریستوراں، فلم تھیئٹر سے نکاسی کے راستے)۔

| | |
|---|---|
| گھر کے قریب جائے ملاقات: | |
| پتہ: | |
| مضافات سے باہر جائے ملاقات: | |
| پتہ: | |
| مقامی پولیس کا دفتر: | |
| فون نمبر اور پتہ: | |

- اگر آپ کی زندگی خطرے میں ہے تو فوری طور پر باہر نکل جائیں۔
- اگر آپ کو گیس کی بو آتی ہے، یا دھواں یا آگ دکھائی دیتی ہے تو فوری طور پر باہر نکل جائیں۔
- اگر آپ کو ہنگامی اعانت درکار ہو تو 911 پر کال کریں۔
- تازہ ترین ہنگامی معلومات کے لئے مقامی ٹی وی اور ریڈیو کی نشریات سننا یاد رکھیں، NYC.gov ویب سائٹ دیکھیں، 311 پر کال کریں (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675 پر، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115)۔



## معلوم رہے کہ آپ کہاں رہیں گے

اپنے علاقہ سے باہر رہنے والے دوستوں یا رشتہ داروں سے پوچھیں کہ کیا آپ ان کے ساتھ قیام کر سکتے ہیں۔ یہ چیک کریں اور دیکھ لیں کہ آیا ان میں کووڈ-19 کی علامات موجود ہیں یا ان کے گھر میں ایسے لوگ ہیں جن کو سنگین بیماری کا زیادہ خطرہ لاحق ہے۔ اگر ان میں علامات موجود ہوں یا گھر کے لوگوں کو بیماری کا زیادہ خطرہ لاحق ہو، تو کسی دوسرے مقام پر ٹھہرنے کے انتظامات کریں، جیسے ہوٹل یا انخلائی مرکز۔

### میں ان کے ساتھ رہ سکتا ہوں:

| | |
|---|---|
| نام/رشتہ: | |
| پتہ: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ای میل: | |
| نام/رشتہ: | |
| پتہ: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ای میل: | |

اپنے اہل خانہ کے ساتھ باقاعدگی سے انخلاء کی مشق کریں (اپنے پالتو اور خدمت دینے والے جانوروں کو اپنی مشقوں میں شامل کریں) اور آپ کو جو مختلف حالات پیش آسکتے ہیں انہیں زیر غور رکھیں، جیسے بند سڑکیں اور نکاسی کے راستے۔

آتش زدگی کی صورت میں فائر پروف عمارتوں کے تمام باشندوں کو مندرجہ ذیل کے لئے تلقین کی جاتی ہے:

### اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں آگ لگی ہے:

- فورا باہر نکل جائیں اور اپنے پیچھے دروازہ بند کریں۔
- جب آپ اپارٹمنٹ سے باہر نکل گئے ہوں تب 911 کو فون کریں۔

### اگر آگ آپ کے اپارٹمنٹ میں نہیں ہے:

- اپنے اپارٹمنٹ میں رہیں۔ سات منزلوں سے اونچی عمارتیں فائر پروف ہوتی ہیں۔
- 911 پر کال کریں؛ آپریٹر کو بتائیں کہ آپ کس جگہ ہیں۔ نیویارک فائر ڈپارٹمنٹ آپ کے اپارٹمنٹ میں آئیں گے۔
- اپنا دروازہ بند رکھیں۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں دھواں آرہا ہے، اپنے دروازے کے نیچے گیلا تولیہ رکھیں۔

## نقل و حمل

اگر آپ کے سب وے یا بس یا نقل و حمل کے دیگر ذرائع چالو نہیں ہیں تو، نقل و حمل کے دوسرے منصوبے بنانے کے لیے تیار رہیں۔ بشمول نقل و حمل کے انقطاع و خلل کی معلومات، ہنگامی واقعات اور سٹی کی اہم خدمات کی معلومات حاصل کرنے کے لئے نیویارک شہر کے مفت، سرکاری ہنگامی مواصلات پروگرام نوٹیفائے این وائی سی (Notify NYC) کے لئے سائن اپ کریں۔

| | |
|---|---|
| متبادل بس: | |
| متبادل سب وے/ٹرین: | |
| دیگر ذرائع: | |
| میں (دوست کو) کال کروں گا: | |
| فون (گھر/دفتر/سیل): | |
| ٹیکسی سروس: | |
| فون: | |

**یاد رکھیں:** اگر آپ کو کسی ہنگامی حالت کے دروان انخلاء میں مدد کی ضرورت ہو تو 911 کو کال کریں۔

ساحلی طوفان یا ہری کین کے دوران ان لوگوں کے لئے جو ہری کین انخلاء والے علاقے میں رہتے ہیں انخلاء کا حکم جاری کیا جاسکتا ہے۔ انخلاء کے علاقوں کے تلاش کار کے لئے NYC.gov/knowyourzone ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کرکے (ویڈیو ریلے سروس کے لئے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) معلوم کریں کہ کیا آپ ہری کین کے انخلاء والے علاقے میں رہتے ہیں۔

اگر شہری حکام نے انخلاء کا حکم دیا ہے، تو ہدایات کے مطابق انخلاء کریں۔ اپنی ضروریات کو خیال میں رکھیں اور منتقلی کے لئے کافی وقت لے کر چلیں۔ معذور افراد اور رسائی و کارگزاری سے متعلق ضروریات والے دیگر لوگ جن کے پاس محفوظ انخلاء کے کوئی دوسرے ذرائع نہیں ہیں، 311 کو کال کرکے نقل و حمل کی مدد طلب کرسکتے ہیں۔
آپ کی ضروریات کے مطابق آپ کو:

- قابل رسائی گاڑی میں قابل رسائی انخلاء سینٹر یا
- ایک ایمبولینس کے ذریعہ انخلاء کے علاقے سے باہر کسی ہسپتال میں لے جایا جائے گا۔

آپ کسی مخصوص پتہ تک نقل و حمل کی درخواست نہیں کرسکیں گے۔

اگر اپنی بلڈنگ سے باہر جانے کے لئے آپ ایلیوٹر پر انحصار کرتے ہیں تو جلدی انخلاء کریں۔ ایلیویٹر خراب ہو سکتے ہیں یا ہر وقت دستیاب نہیں ہوسکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| میں اس زون (حلقہ) میں رہتا ہوں: | |
| میں اس زون (حلقہ) میں کام کرتا ہوں: | |

**جائے پناہ**

اگر کسی ہنگامی حالت کے پیش نظر آپ کو انخلاء کی ضرورت پڑے یا گھر میں رہنا ممکن نہ ہو تو کسی ہوٹل میں، کسی دوست یا رشتہ دار کے گھر میں یا کسی شیلٹر میں ٹھہرنے پر غور کریں۔ اگر آپ کسی ہنگامی پناہ میں جاتے ہیں تو ، چہرے کو ڈھانپیں اور اپنے اور دوسرے لوگوں کے مابین جسمانی فاصلہ رکھیں (یعنی کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں)۔

ہنگامی پناہ گاہیں اسکولوں، سٹی کی عمارتوں، اور عبادت گاہوں میں متعین کی جاسکتی ہیں۔ پناہ گاہیں بنیادی غذا، پانی اور ضروری اشیاء فراہم کرتی ہیں۔ جن چیزوں کی آپ کو ضرورت پڑسکتی ہے بشمول خصوصی سامان (جیسے آکسیجن، حرکت پذیری والے امدادی سامان، بیٹریاں، وغیرہ) اپنے ساتھ لانے کے لئے تیار رہیں۔ خاندان کےافراد یا آپ کے ہنگامی امدادی نیٹ ورک کے اراکین آپ کے ساتھ پناہ گاہ تک آ سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس کوئی پالتو جانور ہے تو انخلاء کی حدود سے باہر کے علاقے میں کسی سگ خانہ یا اپنے دوست یا رشتہ دار کے ہاں اپنے پالتو جانور کو رکھیں۔ اگر آپ ایسا نہیں کر پاتے ہیں، پالتو جانوروں کو تمام سٹی پناہ گاہوں میں رکھنے کی اجازت ہے۔ برائے مہربانی اپنے پالتو جانور کے لیے رسد ہمراہ لائیں جس میں خوراک، رسی، پنجرہ اور دوائیاں شامل ہو۔ اپنے پالتور جانور کی صفائی کی چیزیں ساتھ لائیں۔ صرف قانونی طور اجازت شدہ جانور کی اجازت ہوگی۔ خدمت دینے والے جانور کی ہمیشہ اجازت ہے۔ پالتو جانور کے ہنگامی منصوبے کے لئے مزید معلومات کے لئے «نیو یارک تیار ہے» پر نظر ثانی کریں۔ میرے پالتو جانور کے لئے ہنگامی حالات کا منصوبہ۔

پناہ گاہیں ہنگامی حالت کے لحاظ سے تبدیل ہوسکتی ہیں۔ قریبی پناہ گاہ کو ڈھونڈنے کے لئے 311 پر کال کریں (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675 پر یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115)۔

# ایک گو بیگ
# پیک کریں

آپ کے گھرانے کے ہر شخص کے پاس ایک گو بیگ (Go Bag) ہونا چاہیے – گو بیگ ان چیزوں کا مجموعہ ہے جو جلد بازی میں آپ کو گھر چھوڑنے کی صورت میں درکار ہوں گی۔ آپ کا گو بیگ مضبوط اور لے جانے میں آسان، ایک بیک پیک کی طرح یا پہیے والے چھوٹے سوٹ کیس کی طرح ہونا چاہیے۔

**جو چیزیں آپ نے رکھی ہیں ان پر نشان لگائیں اور جو چیزیں آپ کو درکار ہوں گی انہیں نیچے شامل کریں:**

- ☐ پانی کی بوتل اور خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں جیسے گرینولا بار
- ☐ ایک واٹر پروف ڈبے میں اپنے اہم دستاویزات کی نقول (جیسے انشورنس کارڈ، میڈیکیئر/ میڈیکیڈ کارڈ، تصویری شناخت نامے، پتے کا ثبوت، شادی اور ولادت کی اسناد، کریڈٹ اور ATM کارڈوں کی نقول)
- ☐ فلیش لائٹ، ہاتھ سے چلنے والا، بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو، اور اضافی بیٹریاں
- ☐ ادویات کی فہرست جو آپ لیتے ہیں، کیوں لیتے ہیں اور انکی خوراک
- ☐ آپ کے گھرانے اور آپ کے امدادی نیٹ ورک کے اراکین کے لیے رابطے کی معلومات
- ☐ نقدی، چھوٹے نوٹوں میں
- ☐ نوٹ پیڈ اور قلم
- ☐ طبی آلات کا بیک اپ (جیسے چشمے، بیٹریاں) اور ان کے چارجر
- ☐ سپاٹ پہیے والی کرسی یا اسکوٹر کے ٹائروں کی مرمت کرنے کے لیے ایروسول ٹائر مرمتی کٹ اور/یا ٹائر انفلیٹر
- ☐ اپنے خدمت دینے والے جانور یا پالتو جانوروں کے لیے رسد (جیسے، غذا، اضافی پانی، کٹوری، پٹہ، صفائی والے آئٹم، ٹیکے کے ریکارڈ اور دوائیاں)
- ☐ پورٹ ایبل سیل فون چارجر
- ☐ آپ کو اور دوسرے لوگوں کو کووڈ-19 سے بچانے کے سامان، بشمول ہینڈ سنیٹائزر، اور ہر فرد کے لیے چہرے کو ڈھانپنے کی چیزیں۔
- ☐ دیگر نجی چیزیں:


GRANOLA BAR
TOOTH PASTE
FIRST AID KIT
COMPACT SIZE
HAND SANITIZER
PASSPORT
United States of America
BATTERY
BATTERY
HIGH SENSITIVITY RECEIVER
READY NEW YORK
MY
EMERGENCY
PLAN

# ہنگامی سپلائی
# کٹ تشکیل دیں

کچھ ہنگامی حالات میں، جیسے سردیوں کے طوفان اور بگولوں میں، آپ کو گھر پر ہی رہنا پڑسکتا ہے۔ کسی ہنگامی سپلائی کٹ میں کم از کم سات دن تک کے لیے کافی رسد ہونی چاہیے۔

**جو چیزیں آپ نے رکھی ہیں ان پر نشان لگائیں اور جو چیزیں آپ کو درکار ہوں گی انہیں نیچے شامل کریں:**

- ☐ ایک گیلن پینے کا پانی فی شخص فی دن
- ☐ خراب نہ ہونے والی کھانے کی چیزیں، کھانے کے لیے تیار ڈبہ بند کھانا، اور کین کھولنے والا دستی آلہ
- ☐ ابتدائی طبی امداد کا باکس (فسٹ ایڈ کٹ)
- ☐ ادویات کی فہرست جو آپ لیتے ہیں، کیوں لیتے ہیں اور انکی خوراک
- ☐ فلیش لائٹ، بیٹری سے چلنے والا لال ٹین، بیٹری سے چلنے والا AM/FM ریڈیو، اور اضافی بیٹریاں، یا وائنڈ اپ ریڈیو جن کے لیے بیٹریاں درکار نہیں ہوتی ہیں۔
- ☐ گلو اسٹک (چمکتی چھڑی)
- ☐ سیٹی یا بیل
- ☐ اگر ممکن ہو تو طبی آلات کا بیک اپ (جیسے آکسیجن، دوا، اسکوٹر کی بیٹری، سماعتی آلات، حرکت پذیری والے آلات، چشمہ، چہرے کا ماسک، دستانے)
- ☐ طبی آلات (جیسے پیس میکر) کا اسٹائل اور سیریل نمبر اور استعمال کی بابت ہدایات
- ☐ دیگر چیزیں:

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |

ایسی چیزوں کو دھیان میں رکھیں جن کی ضرورت آپ کو ہنگامی حالات جیسے سردیوں کے طوفان اور شدید گرمی کی لہروں میں پڑسکتی ہے۔

**سردیوں کے موسم کی رسدات:**

- ☐ کمبل، اسلیپنگ بیگ، انسولیشن کے لئے فاضل اخبارات
- ☐ فاضل گرم دستانے، موزے، گلو بند اور ٹوپی، برساتی لبادہ اور فاضل کپڑے
- ☐ دیگر چیزیں:

**گرم موسم کی رسدات:**

- ☐ ہلکے، ڈھیلے کپڑے
- ☐ سن اسکرین (کم سے کم SPF 15)
- ☐ بجلی جانے کی صورت میں ہنگامی حالت میں کھانا بنانے کی رسدات جیسے استعمال کے بعد پھینک دئے جانے والے پلیٹ، کپ اور برتن

**اگر آپ کے پاس گاڑی ہے، گاڑی میں رکھنے کے لئے ہنگامی سپلائی کٹ تیار کرنے پر غور کریں جس میں شامل ہوں:**

- ☐ ریت کی ایک بوری یا کٹی لٹر جس سے پہئیوں کے نیچے کھنچاؤ پیدا ہو اور ایک چھوٹا بیلچہ
- ☐ ٹائر کی چین یا ٹریکشن میٹ
- ☐ ورکنگ جیک اور لگ رینچ، فاضل ٹائر
- ☐ ونڈ شیلڈ اسکریپر اور جھاڑو
- ☐ چھوٹے آلات (پلاس، رینچ، پیچ کس)
- ☐ بوسٹر کیبل
- ☐ چمکیلا کپڑا جس کو جھنڈے کے طور پر استعمال کیا جاسکے، فلئیر اور معکوس ٹرائنگل

# ہنگامی سپلائی
# کٹ تشکیل دیں (جاری)



## خصوصی غور و خوض

- اپنی ہنگامی رسدات میں ان چیزوں کو شامل کرنے پر غور کریں جو آپ کی ضرورتوں کے مطابق ہوں جن میں آپ کے خوراک اور طبی ضرورتیں شامل ہیں۔
- اگر آپ بجلی سے چلنے والے طبی آلات پر انحصار کرتے ہیں تو بیک اپ پاور کے بارے میں معلومات کے لیے اپنی طبی سپلائی کمپنی سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ زندگی بچانے والے آلات کے لئے بحلی پر انحصار کرتے ہیں، اپنی یوٹیلیٹی کمپنی سے پوچھیں اگر آپ کے بجلی سے چلنے والے طبی آلات اس قابل ہوں کہ آپ کا اندراج زندگی بچانے والے آلات کا استعمال کرنے والے کسٹومر کی حیثیت سے کیا جائے۔ اندراج کرانا ایک اہم قدم ہے لیکن آپ کے پاس پاور کی بیک اپ سورس ہونا چاہئیے، جیسا کہ ایک بیٹری یا آکسیجن کا ٹینک جس کے لئے بجلی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔
- اگر آپ آکسیجن پر انحصار کرتے ہیں تو ہنگامی حالت میں اس کی بدل کاری کے بارے میں آکسیجن سپلائر سے بات کریں۔
- اگر آپ نازک معالجے حاصل کرتے ہیں جیسے ڈائلیسس یا کیموتھیراپی تو اپنے فراہم کنندہ سے بات کریں کہ آپ کس طرح ان معالجات کو ہنگامی صورت حال میں حاصل کرتے رہیں گے۔

اس گائیڈ کو پورا کرنے کے بعد آپ کمربستہ نیو یارکر بن جاتے ہیں (READY NEW YORKER)!
**مبارکباد!**

## ناخوشگوار واقعات کے لیے تیار رہیں

عوامی صحت کے ہنگامی حالات شدید گرمی سے لیکر بیماریوں کی برپائی والے ہوسکتے ہیں۔ ان خطروں سے ہر شخص متاثر ہوسکتا ہے۔ صحت کی ہنگامی حالت کے پیش نظر:

- اگر آپ بیمار محسوس کرتے ہیں تو گھر پر رہیں۔
- اگر علامات شدید یا بدتر ہیں، تو فورا ہسپتال ایمرجنسی روم میں جائیں یا 911 کو کال کریں۔
- وائرس جیسے کہ کووڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے عوامی مقامات پر چہرے پر ماسک پہنیں اور اپنے ہاتھوں کو لگاتار دھوئیں۔
- صابن سے یا الکوہل والے کلینر سے اپنے ہاتھ اکثر دھوئیں۔
- صحت کے اہلکاران کے اعلانات کے لئے مقامی ٹیلی ویژن یا ریڈیو کی طرف رجوع کریں۔
- شدید گرمی کی لہر کے دوران شہری حکام ٹھنڈے مراکز کھولیں گے۔ جب مراکز کھولے جائیں گے تو اپنے قریبی مرکز کا پتہ کرنے کے لئے NYC.gov ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کے امیونائزیشن اور میڈیکل ریکارڈ تازہ ترین ہیں۔ دستیاب ویکسین کے بارے میں معلومات کے لیے NYC.gov پر جائیں یا 311 پر رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو کسی ہنگامی پناہ گاہ میں جانا لازمی ہو، تو کووڈ-19 کی علامات کے لیے آپ کی جانچ کی جائے گی۔ ہنگامی پناہ گاہوں میں محکمہ صحت و دماغی تندرستی کی ہدایات کے مطابق صفائی کے بہتر پروٹوکول قائم کیے گیے ہیں۔
- صحت مند اور محفوظ رہنے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے این وائی سی ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ مینٹل ہائی جین سے NYC.gov/health پر یا 311 (ویڈیو ریلے سروس کے لئے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) پر کال کرکے رابطہ کریں۔ صحت کی ہنگامی حالت کی اطلاع کے لئے 911 کو کال کریں۔

# ناخوشگوار واقعات
# کے لیے تیار رہیں

نیویارک کے باشندوں کو ہمیشہ غیر متوقع حالات کے لئے چوکس اور تیار رہنا چاہئے دہشت گردی کے حملے کی صورت میں خود کو محفوظ رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل اقدامات اٹھانا ضروری ہے۔

**انخلاء کرنا چاہئے یا گھر میں رہنا چاہئے اس بارے میں ہنگامی حکام کی ہدایات پر عمل کریں۔**

- اگر آپ کو انخلاء کی ہدایت دی جاتی ہیں تو جتنی جلدی ممکن ہوسکے نکل آئیں۔ اگر ممکن ہو تو فرش کی طرف نیچے رہیں۔ اگر آپ عوامی نقل و حمل میں سوار ہیں جیسے کہ بس، سب وے یا ٹرین اور آپ سے انخلاء کے لئے کہا جاتا ہے تو عملے اور ہنگامی کارکنان کی ہدایت کو سننا یاد رکھیں۔
- اگر آپ کو کہا جاتا ہے کہ جہاں ہیں وہیں رہیں «شلٹر ان پلیس (وہیں پر پناہ لیں)» تو جب تک جانے کے لئے نہ کہا جائے وہاں سے نہ نکلیں۔ دروازے مقفل کریں، کھڑکیاں، روشندان، فائر پلیس ڈیمپر بند کریں۔

**چوکس رہیں اور عمل کریں۔**

اپنے گردوپیش سے ہمیشہ خبردار رہیں۔ اگر آپ کو کچھ معمول کے مطابق نہیں لگ رہا ہے، اس کو اپنے تک محدود نہ رکھیں، اس کی یقینی طور پر خبر دیں۔

- اگر آپ کسی مشکوک سرگرمی کو دیکھتے ہیں یا سنتے ہیں تو 1-888-NYC-SAFE پر (1-888-692-7233) یا 911 پر کال کریں۔
- اگر آپ MTA کی بسوں اور سب وے یا کسی جائے عام پر سفری سامان یا بیگ چھوڑا ہوا دیکھتے ہیں تو MTA یا NYPD کو اطلاع دیں۔
- اگر آپ کو مشکوک میل ملتا ہے، تو اس کو ہاتھ نہ لگائیں۔ NYPD کو اس کی اطلاع دیں یا 911 کو کال کریں۔ اگر آپ نے پیکیج کو ہاتھ لگایا ہے تو اپنے ہاتھوں کو فورا صابن اور پانی سے دھوئیں۔

مزید معلومات کے لئے NYC.gov/plannow پر جائیں۔

## نیویارک شہر کے وسائل

سٹی ایجنسیوں سے رابطہ کے لئے جب تک بصورت دیگر بیان نہ کیا جائے 311 پر (ویڈیو ریلے سروس کے لئے 212-639-9675 یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) کال کریں یا NYC.gov کا استعمال کریں۔

**این وائی سی ہنگامی منیجمنٹ**
NYC.gov/emergencymanagement

**این وائی سی ہنگامی منیجمنٹ آؤٹ ریچ اینڈ اینگیجمنٹ ریسورسز ریڈی نیو یارک - مواد اور پریزنٹیشن کی درخواست کریں**
NYC.gov/readyny

**این وائی سی اسٹیزن کورپس - کمیونٹی کی منصوبہ بندی سے متعلق وسائل اور معلومات حاصل کریں**
NYC.gov/communitypreparedness

**این وائی سی سی ای آر ٹی - کمیونٹی ہنگامی والنٹیر کے طور پر تربیت حاصل کریں**
NYC.gov/cert

**پارٹنرس ان پریپڈنیس - یقینی بنائیں کہ آپ کا کاروبار کمر بستہ ہے**
NYC.gov/partnersinpreparedness

**ہری کین سے انخلاء والے حلقے کا تلاش کار**
NYC.gov/knowyourzone

**این وائی سی ڈپارٹمنٹ آف ایجنگ**
NYC.gov/aging

**معذوری سے متاثر لوگوں کے لئے میئیر کا دفتر**
NYC.gov/mopd

**این وائی سی محکمہ صحت و دماغی تندرستی**
NYC.gov/health

**این وائی سی کووڈ-19 کا معلوماتی پورٹل**
لمدينة نيويورك: NYC.gov/coronavirus

## باخبر رہیں

**فیس بک اور ٹویئٹر پر این وائی سی ہنگامی منیجمنٹ**
www.facebook.com/NYCemergencymanagement
@nycemergencymgt

**فیس بک اور ٹویئٹر پر سٹی آف نیو یارک**
www.facebook.com/nycgov
@nycgov

**نوٹیفائے این وائی سی - مفت ہنگامی الرٹ حاصل کریں**
آپ کے لئے اہم ترین اطلاعات حاصل کریں۔ مفت ایپلی کیشن حاصل کرکے، NYC.gov/notifynyc پر جاکر، 311 پر کال کرکے یا ٹیوٹر پر @NNYCUrdu فالو کرکے رجسٹر کریں۔

**ایڈوانس وارننگ سسٹم**
ان اداروں کے لئے جو معذور افراد اور رسائی و کارگزاری سے متعلق ضروریات والے دیگر لوگوں کے لئے
advancewarningsystemnyc.org

**نیشنل فلڈ انشورنس پروگرام**
1-888-379-9531
www.floodsmart.gov

**نیشنل ہری کین سینٹر/ٹراپکل پرڈیکشن سینٹر**
www.nhc.noaa.gov

**نیشنل ویدر سروس**
www.weather.gov

**مراکز برائے انسداد امراض (CDC)**
www.cdc.gov

## یوٹلٹیز

**کون ایڈیسن**
1-800-75-CONED (800-752-6633)،
(TTY: 800-642-2308)
www.coned.com

**پبلک سروس الیکٹرک اینڈ گیس کمپنی - لانگ آئلینڈ (PSEG Long Island)**
1-800-490-0025، (TTY: 631-755-6660)
www.psegliny.com

**نیشنل گرڈ**
718-643-4050، (TTY: 718-237-2857)
www.nationalgridus.com

## فلڈ زون

فلڈ زون کو فلڈ انشورنس کی شرح اور عمارات کے ضابطے قائم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ باشندوں کو چاہئیے کہ وہ ساحلی طوفان کے دوران انخلاء کی ضرورت کے تعین میں فلڈ زون کا استعمال نہیں کریں۔ جیسے طوفان شہر پہنچ رہا ہو، شہر کا انتظامیہ اس بات کا تعین کرے گا کہ کون سے ہری کین انخلاء زون (زون 1 سے زون 6 تک) کو واقع طوفان کی خصوصیات کے مطابق خالی کیا جائے گا۔ فلڈ زونوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے:
www.floodhelpny.org

غیر منفعتی خدمت فراہم کنندگان

**گریٹر نیویارک میں امریکن ریڈ کراس**
877-RED-CROSS (877-733-2767)
www.redcross.org/gny

**معذوری کی ہنگامی صورت حال کے لئے تیار رہنے کی پہل کے لئے قومی تنظیم**
202-293-5960, (TTY: 202-293-5968)
www.nod.org/emergency

**این وائی سی ویل**
این وائی سی ویل مفت، رازدارانہ ذہنی صحت کی معاونت کے لئے آپ کا رابطہ فون، ٹیکسٹ مسیج یا آنلائن چیٹ کے ذریعہ کونسلر سے بات کریں۔


1-888-NYC-WELL، (1-888-692-9355)، (TTY: 711)
651-73 کو "WELL" ٹیکسٹ کریں
NYC.gov پر جائیں اور "NYC Well" تلاش کریں

میرے وسائل
اپنے اہم وسائل اور فون نمبر یہاں شامل کریں۔

| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |
| |

نیویارک ایمرجنسی مینجمنٹ اس پروجیکٹ پر ایکسیس اینڈ فنکشنل نیڈس ایڈوائزری گروپ کے ممبران کی محنت کے لیے ان کا شکر گزار ہے۔

# مطلع ہو جائیں!



سٹی کے سرکاری ایمرجنسی اطلاعات سسٹم کے لئے NYC.gov پر جاکر مفت سائن اپ کریں۔

مفت ایپ **حاصل کریں**، NYC.gov ملاحظہ کریں، 311 کو کال کریں، یا @NNYCUrdu کو فالو کریں۔

**■ میں نے نوٹیفائے نیویارک کے لئے سائن اپ کیا ہے۔**

# یہ گائیڈ آڈیو فارمیٹ میں اور درج ذیل زبانوں میں دستیاب ہے

**ARABIC**
للحصول على نسخة من هذا الدليل باللغة العربية اتصل بـ 311 (خدمة ترحيل الفيديو: 212-639-9675
أو الهاتف النصي لضعاف السمع: 212-504-4115) أو قم بزيارة NYC.gov/readyny

**BENGALI**
এই গাইডের একটি বাংলা কপি পেতে চাইলে, 311 (ভিডিও রিলে সার্ভিসের জন্য 212-639-9675,
বা TTY: 212-504-4115) নম্বরে ফোন করুন অথবা NYC.gov/readyny দেখুন।

**CHINESE**
如欲索取中文版的指南，請致電 311 (212-639-9675 進行視頻中繼服務，或致電 TTY：212-504-4115) 或訪問 NYC.gov/readyny。

**ENGLISH**
Call 311 (212-639-9675 for Video Relay Service, or TTY: 212-504-4115) or visit NYC.gov/readyny for copies of this guide in English.

**FRENCH**
Pour obtenir une copie en français de ce guide, appelez le 311 (212-639-9675 pour le service de relais vidéo ou ATS : 212-504-4115) ou visitez le site NYC.gov/readyny.

**HAITIAN CREOLE**
Pou jwenn yon kopi gid sa a nan lang Kreyòl Ayisyen, rele 311 (212-639-9675 pou Sèvis Relè nan Videyo, oswa TTY: 212-504-4115) oswa ale nan sitwèb NYC.gov/readyny.

**ITALIAN**
Per ottenere una copia di questa guida in italiano, telefonare al numero 311 (212-639-9675 per il Video Relay Service, oppure TTY: 212-504-4115), o visitare il sito NYC.gov/readyny.

**KOREAN**
본 안내서의 한국어 사본을 받으시려면 311번(비디오 중계 서비스: 212-639-9675번 또는 TTY: 212-504-4115번)으로 문의하시거나 NYC.gov/readyny를 방문하십시오.


**POLISH**
W celu otrzymania polskiej kopii niniejszego przewodnika, należy zadzwonić pod nr 311 (212-639-9675, żeby połączyć się z Video Relay Service, lub TTY: 212-504-4115) lub zajrzeć na stronę internetową NYC.gov/readyny.

**RUSSIAN**
Для того чтобы получить данную брошюру на русском языке, позвоните по телефону 311 (или по телефону видеорелейной службы 212-639-9675 или текстовому телефону TTY: 212-504-4115) или посетите веб-сайт NYC.gov/readyny.

**SPANISH**
Llame al 311 (212-639-9675 para el Servicio de Transmisión de Video o TTY: 212-504-4115) o visite NYC.gov/readyny para obtener acceso a este folleto en español.

**URDU**
اس ہدایت نامے کی اردو کاپی حاصل کریں، 311 (ویڈیو ریلے سروس کے لئے 212-639-9675 یا ٹی ٹی وائی
212-504-4115) پر کال کریں یاNYC.gov/readyny دیکھیں۔

**YIDDISH**
צו ערהאלטן א אידישע קאפיע פון דעם וועגווייזער, רופט 311 (212-639-9675 פאר ווידעא רילעי סערוויס, אדער
TTY: 212-504-4115) אדער באזוכטNYC.gov/readyny.



# نیو یارک تیار ہے!




## آپ کو کونسی اصطلاحات سے واقف ہونا چاہئیے

**ہری کین کا موسم**
یکم جون سے 30 نومبر تک
(تاریخی اعتبار سے، نیو یارک شہر میں ہری کین آنے کا سب سے زیادہ امکان اگست سے اکتوبر تک ہوتا ہے۔)

**ٹراپکل سائکلون (حاری بگلولا)**
بادلوں اور برق و باراں کے طوفان کا ایک منظم، گردشی، کم دباؤ والا موسمی نظام جو منطقہ حارہ کے علاقوں میں بنتا ہے۔

**ٹراپکل طوفان (حاری طوفان)**
39-73 میل فی گھنٹہ متواتر تیز ہواؤں کا ایک حاری بگولا

**ہری کین**
74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ متواتر تیز ہواؤں کا ایک حاری بگولا۔

**ہری کین واچ**
کسی مخصوص علاقے میں ہری کین والے حالات ممکن ہوں اس کے بارے میں خبردار رہنے کا اعلان۔ ہواؤں کے طوفانی قوت اختیار کرنے کے امکان سے 48 گھنٹے پہلے واچ جاری کیا جاتا ہے۔

**ہری کین وارننگ**
کسی مخصوص علاقے میں ہری کین کے حالات کی توقعات کے متعلق انتباہ کا اعلان ہواؤں کے طوفانی قوت اختیار کرنے کے امکان سے 36 گھنٹے پہلے وارننگ (انتباہ) جاری کی جاتی ہے اور جب تک پانی اور لہریں خطرے کی اونچی سطح تک رہتی ہیں وارننگ جاری رہ سکتی ہے۔

## خطرات کو جانیں

### اسٹورم سرج (طوفانی موج) کی طغیانی

یہ ہری کین کی وجہ سے ہونے والی سب سے زیادہ اموات کا ذمہ دار ہے، اس قسم کے ہری کین میں سمندری پانی ایک گنبد نما طوفانی موج کی شکل اختیار کرتا ہے جسے ہری کین کی لہریں ساحل پر پھینک دیتی ہیں۔ ایک بڑا ہری کین 30 فٹ سے زیادہ سمندری طوفانی موج کو (تین منزلہ عمارت کی اونچائی تک) نیو یارک شہر کے کچھ علاقوں میں پھینک سکتا ہے اور طوفانی موج ساحل سے کئی میل دور تک خشکی کی طرف چل سکتی ہے۔ طوفانی موجوں کی طغیانی اور لہروں کے بڑے تھپیڑے جان کو خطرے میں ڈال سکتے ہیں، عمارات کو تباہ کرسکتے ہیں، ساحلوں اور ٹیلوں کو ڈھ کر لے جاسکتے ہیں، اور سڑکوں اور پلوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

### ہوا

74 میل فی گھنٹہ یا اس سے زیادہ کی متواتر ہواؤں پر مشتمل ہری کین عمارتوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، درختوں کو اکھاڑ سکتے ہیں اور کھلی چیزوں کو جان لیوا ہتھیار بنا سکتے ہیں۔

### بارش

ہری کین سے ہونے والی بھاری بارشیں تیز رو فوری سیلابوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ نشیبی اور ناقص آب نکاسی والے علاقے کو خاص طور پر سیلابوں کا زیادہ خطرہ لاحق ہے۔

## اگر طوفان آتا ہے

مندرجہ ذیل اقدامات کرکے تیار رہیں:

- کھلی، ہلکی چیزیں جیسے لان فرنیچر اور کوڑے دان وغیرہ گھر کے اندر لے آئیں۔
- ایسی چیزوں کو زنجیر وغیرہ سے باندھ لیں جو گھر کے اندر رکھنا غیر محفوظ ہوں، جیسے گیس گرل یا پروپین ٹینک۔
- کھڑکیوں اور باہر کے دروازوں کو اچھی طرح سے بند کر دیں۔
- قیمتی سامان بیسمنٹ سے اوپر والی منزلوں میں منتقل کر دیں۔ (بیسمینٹ میں سیلاب کا زیادہ خدشہ ہوتا ہے۔)
- سیل فون کی بیٹری کو چارج کریں۔
- اپنی گاڑی اور جینریٹر میں پوری حد تک گیس ڈالیں۔
- اگر آپ انخلائی علاقے میں رہتے ہیں تو اپنی گاڑیوں کو اونچی زمین پر منتقل کرنے پر غور کریں۔
- اپنے فرج اور فریزر کو زیادہ ٹھنڈی سیٹنگ پر رکھیں۔ بجلی جانے کی صورت میں جن چیزوں کو ریفریجریشن کی ضرورت ہوتی ہے وہ طویل مدت کے لئے ٹھنڈے رہیں گے۔
- اپنے باتھ ٹب اور دیگر بڑے برتنوں کو پانی سے بھر لیں-- اگر بجلی چلی جائے تو پانی بھی چلا جاسکتا ہے۔
- نسخہ کی دوائیاں بھروانے کیلئے آخری منٹ تک انتظار نہ کریں۔
- نقدی باہر نکالیں۔

## طوفان کے زمرے

ہری کین کی مسلسل ہوا کی رفتار کے مطابق انہیں پانچ اقسام (زمرے) میں درجہ بند (1 سے 5 تک) کیا جاتا ہے۔ جیسے جیسے طوفانی ہوا کی رفتار اور شدت بڑھ جاتی ہے، قسم کا نمبر بھی بڑھ جاتا ہے

## کیا آپ کے پاس صحیح انشورنس ہے

چاہے آپ کا اپنا گھر ہویا آپ کا گھر کرایے پر ہو، بنیادی پالیسی میں سیلاب اور ہوا سے ہونے والے نقصان کی ضمانت شامل نہیں ہے۔ آپ کو سیلاب کی صورت میں اپنے گھر کی حفاظت کے لئے ایک الگ پالیسی خریدنے کی ضرورت ہے۔ نیشنل فلڈ انشورنس پروگرام (National Flood Insurance Program) کے بارے میں مزید معلومات کے لئے www.floodsmart.gov ملاحظہ کریں۔

## اپنے حلقے (زون) کو جانیں*

شہر کے وہ علاقے جو طوفانی لہر کے سیلاب کی زد میں ہیں، ان کو طوفانی لہر کے سیلاب کی بنیاد پر چھ حلقوں میں (1 سے لیکر 6 تک) تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ہری کین کے راستے اور پیشن گوئی کے مطابق طوفانی موج کی بنیاد پر شہری انتظامیہ باشندوں کو انخلاء کا حکم دے سکتا ہے۔

- NYC.gov/knowyourzone پر ہری کین سے انخلاء والے علاقوں کے تلاش کار (ہری کین زون فائنڈر)کا استعمال کرکے یا 311 (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس کے لئے، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) پر کال کرکے یا اس نقشے پر غور کرکے تعین کر لیں کہ آیا آپ ہری کین سے انخلاء کے حلقے میں رہتے ہیں یا نہیں اگر آپ کسی انخلائی علاقے میں رہتے ہیں تو آپ کے علاقے سے انخلاء کا حکم جاری ہونے کی صورت میں ایک پلان تیار رکھیں کہ آپ کہاں جائیں گے۔ اگر آپ کا پتہ شہر کے ہری کین والے حلقوں میں ہے تو نیو یارک شہر کو ہری کین سے خطرے کی صورت میں آپ کو انخلاء کا حکم دیا جاسکتا ہے۔
- انخلاء کرنے والوں کو اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کے لئے تیار رہنا چاہئیے جو انخلاء کے علاقے کی حدود سے باہر رہتے ہوں۔
- اگر آپ اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے پاس نہیں رہ سکتے تو تلاش کار کا استعمال کریں، 311 پر (212-639-9675 ویڈیو ریلے سروس کے لئے، یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115) پر کال کریں ، یا پھر اس نشاندہی کے لئے کہ انخلاء کا کونسا سنٹر آپکے لئے صحیح ترین ہوگا، اس نقشے کا استعمال کریں۔

## معذور، رسائی اور کارگزاری سے متعلق خصوصی ضروریات والے لوگوں کے لئے

اپنے منصوبے کی تیاری کے دوران اپنے انخلا، اپنی عمارت میں ایلویٹر کے استعمال، پناہ کے قیام، اور ہنگامی کارکنان کے ساتھ رابطے پر ضرور غور کریں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو اپنے کنبے، دوستوں، عمارت کے کارکنان یا خدمات فراہم کرنے والوں سے اس کا انتظام کر لیں۔ اگر آپ طوفان سے قبل اپنے طور پر انخلاء کرنے سے قاصر ہیں تو مدد کے لئے 311 پر کال یا ٹیکسٹ کریں۔

اگر آپ زندگی کو برقرار رکھنے والے سامان کے لئے بجلی پر انحصار کرتے ہیں، تو انخلاء کرنے کی تیاری کریں۔ ہری کین کے بعد ممکن ہے کہ آپ بجلی سے محروم ہوجائیں۔ اپنی یوٹیلیٹی کمپنی سے معلوم کریں کہ کیا آپ اپنے طبی آلات کی وجہ سے زندگی بچانے والے آلات کے کسٹومر کے زمرے میں آتے ہیں۔

اپنی منتقلی کے لئے اضافی وقت لے کر چلیں اور سواری کی ضروریات، غذائی ضروریات اور مخصوص طبی ضروریات (آکسیجن، اضافی بیڑیاں/چارجر، عینک، دوائیاں، وغیرہ) کو مد نظر رکھیں۔ اپنے ساتھ تمام ادویات لے آئیں اور صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندگان کے رابطے کی معلومات لکھ کر دسترس میں رکھیں۔

ای میل، فون، ایس ایم ایس/ٹیکسٹ یا ٹویٹر کے ذریعے ہنگامی اطلاعات اور تازہ معلومات حاصل کرنے کے لئے نوٹفائے نیویارک کے لئے سائن اپ کیجئے۔ پیغامات امریکی سائن لینگویج (ASL) میں بھی دستیاب ہیں۔ مفت موبائل ایپلکیشن حاصل کریں، NYC.gov/notifynyc کو ملاحظہ کریں، 311 کو کال کریں، یا NotifyNYC@ کو ٹویٹر پر فالو کریں۔ تازہ ترین معلومات کے لئے NYC.gov/emergencymanagement سے رجوع کرنا نہ بھولیں۔

## اگر آپ کو انخلاء کے لئے حکم نہیں دیا گیا

### بجلی کے جانے کے لئے تیار رہیں

بجلی جانے یا دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہونے کی حالت میں یقینی بنایں کہ آپ کے ایمرجنسی سپلائی کٹ میں تجویز کردہ تمام اشیاء موجود ہیں۔ اگر آپ کو بجلی جانے، بنیادی خدمات، اور پبلک ٹرانسپورٹ کی محرومی سے متاثر ہونے کی فکر ہے، تو انخلاء پر غور کریں۔

### جہاں ہیں وہیں پناہ لیں

اگر آپ کو انخلاء کی ضرورت نہ پڑے، تو جہاں ہیں وہیں پناہ لیں اور اپنی ایمرجنسی سپلائی کٹ کو استعمال میں لائیں۔ کھڑکیوں سے دور رہیں۔

# اگر آپ کو انخلاء کی ضرورت ہو

## اگر شہر کی طرف سے آپ کے علاقے کے لیے انخلاء کا حکم دیا گیا ہے، تو ہدایات کے مطابق انخلاء کریں

سٹی انتظامیہ، مقامی میڈیا کے ذریعے اس بارے میں خصوصی ہدایات جاری کرے گا کہ شہر کے کن علاقوں کو خالی کرنا چاہئیے۔ اگر لازمی انخلاء کا حکم جاری کیا جاتا ہے تو ہدایت پر عمل کریں۔ اگر ممکن ہو تو پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں، اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ طوفان سے کئی گھنٹوں قبل پبلک ٹرانسپورٹ بند ہوسکتا ہے۔ انخلاء کیسے کیا جائے بشمول قابل رسائی ٹرانسپورٹ کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لئے 311 پر رابطہ کریں (ویڈیو ریلے سروس کے لیے 212-639-9675 پر یا ٹی ٹی وائی 212-504-4115 پر)۔

## آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ آپ کو کہاں جانا ہے

شہری انتظامیہ انخلاء کرنے والوں کو سختی سے اپنے دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کی تجویز دیتا ہے جو انخلاء کے علاقے سے باہر رہتے ہیں۔ ان افراد کے لیے جن کی کوئی پناہ نہیں، شہری انتظامیہ پانچوں قصبوں میں پناہ کے مراکز کھول دے گا۔ اگر آپ کسی پناہ گاہ میں جا رہے ہیں، تو ہلکا پھلکا سامان باندھیں، اور مندرجہ ذیل سامان اپنے ساتھ لائیں:

- اپنا گو بیگ
- سلیپنگ بیگ یا بستر
- دوا کی (اگر ممکن ہو) کم از کم ایک ہفتے کی خوراک، طبی سامان، یا طبی آلات جن کا آپ باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں
- نجی استعمال کی چیزیں، صابن وغیرہ

شہری پناہوں میں قابل رسائی سہولتیں اور معذور، رسائی اور کارگزاری سے متعلق خصوصی ضروریات والے لوگوں کے لیے جگہ شامل ہے۔ کسی خاص سہولت کی معذور اشخاص کے لئے رسائی کی خصوصیات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے NYC.gov/knowyourzone پر ہری کین کے انخلاء والے علاقوں کے تلاش کار کو دیکھیں یا 311 پر کال کریں۔ تمام پناہ لینے والوں کو قبول کیا جائے گا اور ان سے انکی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

## اگرآپ کے پاس پالتو جانور یا سروس کے جانور ہیں

اگر ہری کین کی وجہ سے آپ کو اپنا گھر چھوڑنا پڑے تو یقینی بنائیں کہ منصوبہ برائے آفت میں یہ طے ہو کہ آپ اپنے پالتو یا خدمت والے جانور کے ساتھ کیا کریں گے۔

اگر انخلاء کی حدود سے باہر کے علاقے میں آپ اپنے پالتو جانور کو سگ خانہ میں یا دوستوں کے ساتھ یا رشتہ داروں کے ساتھ پناہ نہیں دے سکتے تو شہر کی سبھی پناہ گاہوں میں پالتو اور سروے کے جانور لانے کی اجازت ہے۔ برائے مہربانی اپنے پالتو جانور کے لیے رسد ہمراہ لائیں جس میں خوراک، رسی، پنجرہ اور دوائیاں شامل ہوں۔ ایک منصوبہ بنانے کے لئے NYC.gov/readyny پر جاکر ریڈی نیو یارک: میرے پالتو جانور کا ایمرجنسی پلان استعمال کریں۔

## اگر آپ بیسمینٹ میں رہتے ہیں

بیسمینٹ میں رہنے والے لوگوں کو ہری کین سے اضافی خطرات ہو سکتے ہیں چاہے وہ انخلاء کی حدود سے باہر بھی ہوں۔ شہر کے کئی علاقے بارشی سیلاب کا شکار ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ بیسمینٹ اپارٹمینٹ میں رہتے ہیں تو زمین کی بالائی سطح پر پناہ لینے کے لیے تیار رہیں۔

## اگر آپ ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں

اگر آپ ایک اونچی عمارت میں رہتے ہیں، خاص طور پر 10 ویں فلور یا اس سے اوپر تو کھڑکیوں کے ٹوٹنے یا لرزنے کی صورت میں ان سے دور رہیں۔ آپ کو کسی نچلے فلور پر منتقل ہوجانے کے لئے تیار ہونا چاہیئے۔ اپنی عمارت کے انخلائی منصوبے سے آگاہ رہیں۔ اگر اپنی بلڈنگ سے باہر جانے کے لئے آپ ایلیوٹر پر انحصار کرتے ہیں تو جلدی انخلاء کریں۔ ایلیویٹر خراب ہو سکتے ہیں یا ہر وقت دستیاب نہیں ہوسکتے ہیں۔

# نیو یارک شہر کے ہری کین سے انخلاء کے حلقے (زون)

## این وائی سی انخلائی مراکز: اپنا نزدیک ترین مرکز نقشے پر دریافت کریں

### BRONX

| | | |
|---|---|---|
| **PS 132** 1245 WASHINGTON AVE. | **IS / HS 362** 921 E. 228TH ST. | **HS OF LAW, GOV'T & JUSTICE** 244 E. 163RD ST. |
| **PS 211** 1919 PROSPECT AVE. | **MORRIS HEIGHTS EDUCATIONAL COMPLEX** 1780 DR. MARTIN LUTHER KING JR. BLVD. | **IS 158** 800 HOME ST. |
| **PS / IS 218** 1220 GERARD AVE. | **PS 46** 2760 BRIGGS AVE. | **IS 201** 730 BRYANT AVE. |
| **MS / IS 141** 660 W. 237 ST. | **PS 102** 1827 ARCHER ST. | **IS 391** 2225 WEBSTER AVE. |

### MANHATTAN

| | | |
|---|---|---|
| **PS 92** 222 W. 134TH ST. | **LOUIS D. BRANDEIS HS** 145 W. 84TH ST. | **NORMAN THOMAS HS** 111 E. 33RD ST. |
| **PS / IS 210** 501-503 W. 152ND ST. | **MARTIN LUTHER KING JR. HS** 122 AMSTERDAM AVE. | **IS 88** 215 W. 114TH ST. |
| | **MIDTOWN EAST CAMPUS (PS 59)** 233 E. 56TH ST. | **IS 90** 21 JUMEL PLACE |
| | **PS 48** 4360 BROADWAY | **IS 131** 100 HESTER ST. |

### QUEENS

| | | |
|---|---|---|
| **PS 239** 17-15 WEIRFIELD ST. | **PS 12** 42-00 72ND ST. | **AVIATION HS** 45-30 36TH ST. |
| **PS / IS 268** 92-07 175TH ST. | **JHS 185** 147-26 25TH DR. | **FRANK SINATRA HS** 35-12 35TH AVE. |
| **PS 307** 40-20 100TH ST. | **JHS 190** 68-17 AUSTIN ST. | **GROVER CLEVELAND HS** 21-27 HIMROD ST. |
| **TOWNSEND HARRIS HS** 149-11 MELBOURNE AVE. | **PS 107** 67-02 45TH AVE. | **HILLCREST HS** 160-05 HIGHLAND AVE. |
| | **PS 100** 111-11 118TH ST. | **HS OF TEACHING, LIB. ARTS & SCI.** 74-20 COMMONWEALTH BLVD. |
| | **PS 149** 93-11 34TH AVE. | **IS 74** 61-15 OCEANIA ST. |

### BROOKLYN

| | | |
|---|---|---|
| **PS 24** 427 38TH ST. | **IS 383** 1300 GREENE AVE. | **ADAMS STREET EDUCATIONAL CAMPUS** 283 ADAMS ST. |
| **PS 226** 6006 23RD AVE. | **MEDGAR EVERS COLLEGE PREP.** 1186 CARROLL ST. | **IS 258** 141 MACON ST. |
| **PS 289** 900 ST. MARKS AVE. | **PS 6** 43 SNYDER AVE. | **IS 55** 2021 BERGEN ST. |
| **BROOKLYN TECH HS** 29 FORT GREENE PL. | **PS 7** 858 JAMAICA AVE. | **IS 88** 544 7TH AVE. |
| **PS / IS 30** 7002 4TH AVE. | **PS 12** 430 HOWARD AVE. | **IS 259** 7305 FT. HAMILTON PKWY. |
| | **PS 23** 545 WILLOUGHBY AVE. | **IS 324** 800 GATES AVE. |

### STATEN ISLAND

| | | |
|---|---|---|
| **PS 56** 250 KRAMER AVE. | **JEROME PARKER CAMPUS** 100 ESSEX DR. | **CURTIS HS** 105 HAMILTON AVE. |
| | **PETRIDES COMPLEX** 715 OCEAN TERRACE | **IS 51** 20 HOUSTON ST. |

انخلا کی معلومات بدل سکتی ہیں- تازہ ترین معلومات کے لیے NYV.gov پر جائیں یا 311 (ویڈیو ریلے سروس کے لئے 212-639-9675، یا ٹی ٹی وائی: 212-504-4115) ٹرانزٹ کی تازہ ترین معلومات کے لئے MTA کی ویب سائٹ www.mta.info پر جائیں یا 511 پر کال کریں۔ اگر آپ کو ایمرجنسی کے دروان انخلاء میں مدد کی ضرورت ہو تو 311 کو کال کریں۔

## ہری کین سے انخلاء والے حلقے**

جب ایک ساحلی طوفان آ رہا ہو، سٹی انتظامیہ حلقہ 1 سے شروع کرکے ضرورت کے مطابق مزید حلقوں کو شامل کرتے ہوئے سیلاب کے خطرے میں آنے والے علاقوں سے انخلاء کا حکم دے سکتا ہے۔ پیشن گوئی کے مطابق ہری کین کی طوفانی موج کی شدت، قوت اور راستے کی وجہ سے زندگی کو لاحق خطرات کی بنیاد پر حلقے خالی کئے جائیں گے۔


**NYC.GOV/KNOWYOURZONE** ملاحظہ کریں یا **311** پر کال کریں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ ہری کین کے انخلا والے حلقے میں رہتے ہیں۔

● انخلاء کے مراکز

♿ قابل رسائی انخلاء کے مراکز


** انخلاء کے مراکز بشمول رسائی کی خصوصیات سے متعلق معلومات میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔ عمارتوں کی صورتحال اور رسائی کی خصوصیات سے متعلق تازہ ترین اطلاعات کے لیے براہ کرم NYC.gov/knowyourzone ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔

فلڈ زون کو فلڈ انشورنس کی شرح اور عمارات کے ضابطے قائم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ باشندوں کو چاہئیے کہ وہ ساحلی طوفان کے دوران انخلاء کی ضرورت کے تعین میں فلڈ زون کا استعمال نہیں کریں۔ جیسے طوفان شہر پہنچ رہا ہو، شہر کا انتظامیہ اس بات کا تعین کرے گا کہ کون سے ہری کین انخلاء زون (زون 1 سے زون 6 تک) کو واقع طوفان کی خصوصیات کے مطابق خالی کیا جائے گا۔ فلڈ زونوں کے بارے میں مزید معلومات کے لئے NYC.gov/floodmaps یا www.floodhelpny.org۔



# ایمرجنسی الرٹ مفت حاصل کریں

**ایپل اور انڈروئڈ ڈیوائس کے لئے مفت ایپ حاصل کریں**




**ملاحظہ کریں**
NYC.gov/notifynyc

**کال کریں**
311 (212-639-9675)
ویڈیو ریلے سروس کے لئے،
یا ٹی ٹی وائے: (212-405-5114)

**فالو کریں**
@NNYCUrdu

NYC Emergency Management